**Virtua Health**

**مالی اعانت کی پالیسی – سادہ زبان میں خلاصہ ("PLS")**

Virtua Health ("Virtua") کی مالی اعانت کی پالیسی ("FAP") اہل مریضوں کو Virtua کی جانب سے فراہم کردہ ہنگامی صورتحال کی یا طبی طور پر ضروری صحت کی دیکھ بھال کی دیگر خدمات جزوی یا کُلی رعایت کے ساتھ فراہم کرنے کے لیے موجود ہے۔ مالی اعانت کے خواہاں مریضوں کو پیش کردہ پروگراموں کے لیے درخواست دینا ہو گی۔ پالیسی کا خلاصہ درج ذیل ہے:

اہل خدمات - Virtua کی جانب سے فراہم کردہ اور بل کی جانے والی ہنگامی یا طبی طور پر ضروری صحت کی دیگر دیکھ بھال کی خدمات۔ FAP صرف Virtua کی جانب سے بل کی جانے والی خدمات پر لاگو ہوتی ہے۔ دیگر فراہم کنندگان، جیسا کا خودمختار معالج، کی جانب سے علیحدہ طور پر بل کی جانے والی متعلقہ خدمات، FAP کے تحت نہیں آسکتیں۔

اہل مریض - خدمات حاصل کرنے والے اہل مریض جو مالی اعانت کے لیے مکمل شدہ درخواست ("درخواست") (بشمول متعلقہ دستاویزات/معلومات) جمع کرواتے ہیں اور جن کا Virtua کی مالی اعانت کے لیے اہل ہونے کا تعین کیا جاتا ہے۔

درخواست دینے کا طریقہ – FAP اور متعلقہ درخواستیں درج ذیل طور پر حاصل/مکمل/جمع کروائی جا سکتی ہیں:

- Virtua کی ویب سائٹ ملاحظہ کر کے www.virtua.org;
- Virtua پیشنٹ اکاؤنٹنگ ڈیپارٹمنٹ واقع 2000 Crawford Place, Suite 100, Mt. Laurel, NJ 08054 میں صبح 7:30 اور سہ پہر 4:00 بجے کے درمیان ذاتی طور پر تشریف لا کر یا بذریعہ ڈاک درخواست جمع کروا کے۔
- Virtua کے کسٹمر سروس بیورو کو (833)335-4010 پر پیر تا جمعرات صبح 8:00بجے اور 9:00 بجے رات کے درمیان، اور جمعہ کو صبح 8:00 بجے اور 5:00 بجے شام کے درمیان ڈاک کے ذریعے دستاویزات کی درخواست کر کے؛
- مکمل شدہ درخواستیں (تمام دستاویزات/معلومات کے ساتھ) بذریعہ ڈاک بنام:

Virtua پیشنٹ اکاؤنٹنگ ڈیپارٹمنٹ
2000 Crawford Place, Suite 100
Mount Laurel, NJ 08054

مالی اعانت کی اہلیت کا تعین - عموماً ایسے غیر بیمہ شدہ مریض جن کے کنبے کی مجموعی آمدنی غربت کے وفاقی رہنما خطوط ("FPG") کے 500 فیصد سے زیادہ نہ ہو، مالی اعانت کے اہل ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ، کم بیمہ شدہ مریض سلائیڈنگ اسکیل کا استعمال کرتے ہوئے اہل ہو سکتے ہیں بشرطیکہ اُن کے کنبے کی مجموعی آمدنی FPG کا 300 فیصد یا اس سے کم ہو۔ مالی اعانت کے لیے اہلیت کا مطلب ہے کہ اہل مریضوں کو ان کی دیکھ بھال مکمل یا جزوی رعایت پر فراہم کی جائے گی اور اُن کو بیمہ شدہ افراد(AGB، جیسا کہ انٹرنل ریوینیو سروس نے IRC §501(r) میں بیان ہے) کو "عام طور پر بل کی جانی والی رقم" ("AGB") سے زیادہ کا بل نہیں دیا جائے گا۔ مالی امداد کی سطحیں، جو کہ صرف کنبے کی مجموعی آمدنی اور FPG پر مبنی ہیں، یہ ہیں:

- کم بیمہ شدہ افراد جن کے کنبے کی مجموعی آمدنی FPG کا 0 سے 200 فیصد ہوتی ہے؛ مکمل مالی اعانت؛ مریض کے لیے قابلِ ادا رقم $0ہے۔
- کم بیمہ شدہ افراد جن کے کنبے کی مجموعی آمدنی FPG کے 200 فیصد سے زیادہ ہے لیکن 300 فیصد سے کم یا اس کے برابر ہے؛
  جزوی مالی اعانت؛ مریض کے لیے زیادہ سے زیادہ قابلِ ادا رقم AGB ہے۔
- غیر بیمہ شدہ افراد جن کے کنبے کی مجموعی آمدنی FPG کے 500 فیصد سے کم ہے؛ جزوی مالی اعانت؛ مریض کے لیے زیادہ سے زیادہ قابلِ ادا رقم AGB ہے۔

نوٹ: FPG سے بالا دیگر معیارات (یعنی رہائش، اثاثہ جات کا معیار) پر بھی غور کیا جاتا ہے، جس کے نتیجے میں پچھے بیان کی گئی مستثنیات دی جا سکتی ہیں۔ اگر کسی کنبے کی مجموعی آمدنی کی معلومات فراہم نہیں کی جاتیں، تو یہ معلومات درکار ہوں گی کہ روزمرہ کی ضروریات کو کس طرح سے پورا کیا جاتا ہے۔

Virtua کا پیشنٹ اکاؤنٹنگ ڈیپارٹمنٹ جمع کروائی گئی مکمل شدہ درخواستوں کا جائزہ لیتا ہے اور Virtua کے FAP کے مطابق مالی اعانت کی اہلیت کا تعین کرتا ہے۔ اگر نامکمل درخواستیں موصول ہوتی ہیں تو درخواست دہندگان کو مطلع کیا جاتا ہے اور انہیں مطلوبہ غیر دستیاب دستاویزات/معلومات فراہم کرنے کا موقع دیا جاتا ہے۔

اگر Virtua کے بنیادی سروس ایریا کی بنیادی زبان 5 فیصد یا 1,000 افراد سے کم کی نمائندگی کرتی ہو تو Virtua اپنی FAP، درخواستوں اور PLS کا دیگر زبانوں میں ترجمہ کرواتی ہے۔ ترجمے کی خدمات مریضوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بھی دستیاب ہوتی ہیں۔

مدد، معاونت یا سوالات کے لیے برائے مہربانی 2000 Crawford Place, Suite 100, Mt. Laurel, NJ 08054 پر واقع Virtua کے پیشنٹ اکاؤنٹنگ ڈیپارٹمنٹ میں صبح 7:30 اور 4:00 بجے سہ پہر کے درمیان تشریف لائیں۔ اس کے علاوہ، برائے مہربانی Virtua کے کسٹمر سروس بیورو کو 4010-335(833) پر کال کریں۔